78. They said, "have you come to us so that you may detach us from that upon which we found our forefathers, and that you (Moses and Aron) may gain power in the land. But we do not believe you".

79. And Firawn (Pharaoh) said, "bring to me every skilful magician".

80. Then when the magicians came Moosaa (Moses) said to them, cast down whatever you are to cast."

وَجَعَلْنٰهُمْ خَلٰٓئِفَ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿٧٣﴾

اور جو اس کے ساتھ کشتی میں تھے ان کو نجات دی' اور انہیں ہم نے نائب کیا' اور جنہوں نے ہماری آیتیں جھٹلائیں ان کو ہم نے ڈبو دیا' تو دیکھو! ڈرائے ہوؤں کا انجام کیسا ہوا؟ (73)

ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ۭ كَذٰلِكَ نَطْبَعُ عَلٰي قُلُوْبِ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿٧٤﴾

پھر اس کے بعد اور رسول ہم نے ان کی قوموں کی طرف بھیجے' تو ان کے پاس روشن دلیلیں لائے' تو وہ ایسے نہ تھے کہ ایمان لاتے اس پر جسے پہلے جھٹلا چکے تھے' ہم یونہی مہر لگا دیتے ہیں سرکشوں کے دلوں پر (74)

ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى وَهٰرُوْنَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ بِاٰيٰتِنَا فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿٧٥﴾

پھر ان کے بعد ہم نے موسیٰ اور ہارون کو فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف اپنی نشانیاں لے کر بھیجا' تو انہوں نے تکبر کیا' اور وہ مجرم لوگ تھے (75)

فَلَمَّا جَاۗءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْٓا اِنَّ هٰذَا لَسِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٧٦﴾

تو جب ان کے پاس ہماری طرف سے حق آیا' بولے! یہ تو ضرور کھلا جادو ہے (76)

قَالَ مُوْسٰٓى اَتَقُوْلُوْنَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَاۗءَكُمْ ۭ اَسِحْرٌ هٰذَا ۭ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ ﴿٧٧﴾

موسیٰ نے کہا' کیا حق کی نسبت ایسا کہتے ہو؟ جب وہ تمہارے پاس آیا' کیا یہ جادو ہے؟ اور جادوگر مراد کو نہیں پہنچتے (77)

قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَاۗءَنَا وَتَكُوْنَ لَكُمَا الْكِبْرِيَاۗءُ فِي الْاَرْضِ ۭ وَمَا نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿٧٨﴾

بولے! کیا تم ہمارے پاس اس لیے آئے ہو کہ ہمیں اس سے پھیر دو جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا' اور زمین میں تمہیں دونوں کی بڑائی رہے؟ اور ہم تم پر ایمان لانے کے نہیں (78)

وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِيْ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ﴿٧٩﴾

اور فرعون بولا! ہر جادوگر علم والے کو میرے پاس لے آؤ (79)

فَلَمَّا جَاۗءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿٨٠﴾

پھر جب جادوگر آئے' ان سے موسیٰ نے کہا' ڈالو جو تمہیں ڈالنا ہے (80)

marfat.com

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝٨١

پھر جب انہوں نے ڈالا' موسیٰ نے کہا' یہ جو تم لائے یہ جادو ہے' اب اللہ اسے باطل کر دے گا' اللہ مفسدوں کا کام نہیں بناتا (81)

81. Then when they had cast down, Moosaa (Moses) said, "what you have brought is magic. Now Allah will vanish it. Surely Allah does not set right the work of the mischief makers".

وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝٨٢

اور اللہ اپنی باتوں سے حق کو حق کر دکھاتا ہے' پڑے برا مانیں مجرم (82)

82. "And Allah will prove the truth by His Words, however averse the criminals may be".

SECTION 9

فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ عَلٰي خَوْفٍ مِّنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهِمْ اَنْ يَّفْتِنَهُمْ ۭ وَاِنَّ فِرْعَوْنَ لَعَالٍ فِي الْاَرْضِ ۚ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الْمُسْرِفِيْنَ ۝٨٣

تو موسیٰ پر ایمان نہ لائے مگر اس کی قوم کی اولاد سے کچھ لوگ' فرعون اور اس کے درباریوں سے ڈرتے ہوئے کہ کہیں انہیں فتنے پر مجبور نہ کر دیں' اور بیشک فرعون زمین پر سر اٹھانے والا تھا' اور بیشک وہ حد سے گذر گیا (83)

83. But none believed Moosaa (Moses) except some people of his nation, for the fear of Firawn (Pharaoh) and his chiefs that they would persecute them. And surely Firawn (Pharaoh) was a tyrant in the land, and surely he crossed the limits.

وَقَالَ مُوْسٰى يٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّسْلِمِيْنَ ۝٨٤

اور موسیٰ نے کہا' اے میری قوم! اگر تم اللہ پر ایمان لائے' تو اسی پر بھروسا کرو' اگر تم اسلام رکھتے ہو (84)

84. And Moosaa (Moses) said, O my people, if you believe in Allah, then repose your trust into Him alone, if you are Muslims".

فَقَالُوْا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝٨٥

بولے! ہم نے اللہ ہی پر بھروسا کیا' الٰہی ہم کو ظالم لوگوں کے لیے آزمائش نہ بنا (85)

85. They said, "we repose our trust only in Allah. Our Rubb (Sustainer) do not make us a subject to the persecution of the wrong doing people;

وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝٨٦

اور اپنی رحمت فرما کر ہمیں کافروں سے نجات دے (86)

86. and deliver us by Your Mercy from the disbelievers' nation.

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى وَاَخِيْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوْتًا وَّاجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝٨٧

اور ہم نے موسیٰ اور اس کے بھائی کو وحی بھیجی کہ مصر میں اپنی قوم کے لیے مکانات بناؤ' اور اپنے گھروں کو نماز کی جگہ کرو' اور نماز قائم رکھو' اور مسلمانوں کو خوشخبری سناؤ (87)

87. And We (Allan) revealed to Moosaa (Moses) and his brother, saying, "take houses for your nation in Egypt, and make your houses in the Qibla direction and establish Salaat (Muslim Prayer) and give good news to the Muslims".

وَقَالَ مُوْسٰى رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَاَهٗ زِيْنَةً وَّاَمْوَالًا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ

اور موسیٰ نے عرض کی! اے رب ہمارے! تو نے فرعون اور اس کے سرداروں کو آرائش اور مال دنیا کی زندگی

88. And Moosaa (Moses) submitted, "O our Rubb (Sustainer) You have bestowed Firawn (Pharaoh) and his chiefs splendour and wealth in this life of the world so that, O our Rubb

marfat.com

رَبَّنَا لِيُضِلُّوا عَنْ سَبِيلِكَ ۚ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلَىٰ أَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوا حَتَّىٰ يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ﴿٨٨﴾

میں دیئے' اے رب ہمارے! اس لیے کہ تیری راہ سے بہکا دیں' اے رب ہمارے! ان کے مال برباد کر دے' اور ان کے دل سخت کر دے کہ ایمان نہ لائیں' جب تک دردناک عذاب نہ دیکھ لیں (88)

(Sustainer) they may mislead people from Your path. O our Rubb (Sustainer) destroy their wealth and harden their hearts, so that they may not believe until they see the painful punishment."

قَالَ قَدْ أُجِيبَت دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيمَا وَلَا تَتَّبِعَانِّ سَبِيلَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٨٩﴾

فرمایا: تم دونوں کی دعا قبول ہوئی' تو ثابت قدم رہو' اور نادانوں کی راہ نہ چلو (89)

89. He said, "the prayer of both of you has been accepted. So be steadfast, and do not follow the path of the ignorants."

وَجَاوَزْنَا بِبَنِي إِسْرَائِيلَ الْبَحْرَ فَأَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُودُهُ بَغْيًا وَعَدْوًا ۖ حَتَّىٰ إِذَا أَدْرَكَهُ الْغَرَقُ قَالَ آمَنتُ أَنَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا الَّذِي آمَنَتْ بِهِ بَنُو إِسْرَائِيلَ وَأَنَا مِنَ الْمُسْلِمِينَ ﴿٩٠﴾

اور ہم بنی اسرائیل کو دریا پار لے گئے تو فرعون اور اس کے لشکروں نے ان کا پیچھا کیا سرکشی اور ظلم سے' یہاں تک کہ جب اسے ڈوبنے نے آ لیا' بولا! میں ایمان لایا کہ کوئی سچا معبود نہیں سوا اس کے جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے' اور میں مسلمان ہوں (90)

90. And We (Allah) led the children of Israael across the river. Then Firawn (Pharaoh) and his armies followed them with aggression and oppression, until when the drowning overtook him. He said, "I believe, that there is no god except Allah to be worshipped Whom children of Israael believe. Therefore, I am Muslim."

آلْآنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنتَ مِنَ الْمُفْسِدِينَ ﴿٩١﴾

کیا اب اور پہلے سے نافرمان رہا اور تو فسادی تھا (91)

91. What now (Allah said), but you had been disobedient before and you (Pharaoh) had been mischief monger.

فَالْيَوْمَ نُنَجِّيكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُونَ لِمَنْ خَلْفَكَ آيَةً ۚ وَإِنَّ كَثِيرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ آيَاتِنَا لَغَافِلُونَ ﴿٩٢﴾

آج ہم تیری لاش کو اترا (قائم رکھیں) دیں گے' کہ تو اپنے پچھلوں کے لیے نشانی ہو' اور بے شک لوگ ہماری آیتوں سے غافل ہیں (92)

92. Today, We (Allah) shall deliver you with your dead body swimming so that you become a symbol of disobedience to the coming generations. And surely many people are careless to Our (Allah's) Verses.

SECTION 10

وَلَقَدْ بَوَّأْنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ مُبَوَّأَ صِدْقٍ وَرَزَقْنَاهُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ ۖ فَمَا اخْتَلَفُوا حَتَّىٰ جَاءَهُمُ الْعِلْمُ ۚ إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿٩٣﴾

اور بے شک ہم نے بنی اسرائیل کو عزت کی جگہ دی' اور انہیں ستھری روزی عطا کی' تو اختلاف میں نہ پڑے مگر علم آنے کے بعد' بیشک تمہارا رب قیامت کے دن ان میں فیصلہ کر دے گا جس بات میں جھگڑتے تھے (93)

93. And surely, We (Allah) settled the children of Israael in respectful places and bestowed them the best provisions, so they did not differ till knowledge came to them. Surely your Rubb (Sustainer) will decide between them on the Day of Resurrection in that with regard to which they differed.

فَإِن كُنتَ فِي شَكٍّ مِّمَّا أَنزَلْنَا إِلَيْكَ

اور اے سننے والے! اگر تجھے کچھ شبہ ہو

94. (And O listener)! if you are in some doubt regarding

marfat.com

فَسْـَٔلِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَآءَكَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿۹۴﴾

اس میں جو ہم نے تیری طرف اتارا' تو ان سے پوچھ! دیکھ! جو تجھ سے پہلے کتاب پڑھنے والے ہیں' بیشک تیرے پاس تیرے رب کی طرف سے حق آیا' تو تو ہرگز شک والوں میں نہ ہو (94)

what We (Allah) have sent down towards you, then ask those who recite the Book (revealed) previous to you. Indeed the truth has come to you from your Rubb (Sustainer). Therefore, you never be of those who doubt;

وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۹۵﴾

اور ہرگز ان میں نہ ہونا جنہوں نے اللہ کی آیتیں جھٹلائیں' کہ تو خسارے والوں میں ہو جائے گا (95)

95. and never be among those who reject the Verses of Allah, otherwise you will be among the losers.

اِنَّ الَّذِيْنَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۹۶﴾

بیشک وہ جن پر تیرے رب کی بات ٹھیک پڑ چکی ہے' ایمان نہ لائیں گے (96)

96. Surely, those against whom the Word of your Rubb (Sustainer) has proved true will not believe;

وَلَوْ جَآءَتْهُمْ كُلُّ اٰيَةٍ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۹۷﴾

اگرچہ سب نشانیاں ان کے پاس آئیں جب تک دردناک عذاب نہ دیکھ لیں (97)

97. though all evidences may come to them, (but they would not believe) until they see the painful punishment.

فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَآ اِيْمَانُهَآ اِلَّا قَوْمَ يُوْنُسَ ۭ لَمَّآ اٰمَنُوْا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۹۸﴾

تو ہوئی ہوتی نہ کوئی بستی کہ ایمان لاتی تو اس کا ایمان کام آتا' ہاں! یونس کی قوم جب ایمان لائے' ہم نے ان سے رسوائی کا عذاب دنیا کی زندگی میں ہٹا دیا' اور ایک وقت تک انہیں برتنے دیا (98)

98. And why was there not a city that believed and such belief did not profit the residents, except the nation of Yoonus (Jonah). When they believed, We (Allah) removed from them the punishment of disgrace in the life of this world and allowed them comforts for a time.

وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِي الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا ۭ اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۹۹﴾

اور اگر تمہارا رب چاہتا زمین میں جتنے ہیں سب کے سب ایمان لے آتے' تو کیا تم لوگوں کو زبردستی کرو گے' یہاں تک کہ مسلمان ہو جائیں (99)

99. And if your Rubb (Sustainer) had Willed, whoso is in the earth would have believed together. Will you, then force the people until they become believers (Muslims) ?

وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۰﴾

اور کسی جان کی قدرت نہیں کہ ایمان لے آئے مگر اللہ کے حکم سے' اور عذاب ان پر ڈالتا ہے جنہیں عقل نہیں (100)

100. And it is not for any self to believe except by the Will of Allah. And He awards ugliness to the senseless.

قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَمَا تُغْنِي الْاٰيٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۱﴾

تم فرماؤ! دیکھو! آسمانوں اور زمین میں کیا ہے' اور آیتیں اور رسول انہیں کچھ نہیں دیتے' جن کے نصیب میں ایمان نہیں (101)

101. Please declare, "behold what is in the heavens and in the earth. But neither evidences nor the warnings (of Messengers) profit those who do not believe.

فَهَلْ يَنْتَظِرُوْنَ اِلَّا مِثْلَ اَيَّامِ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ

تو پھر انہیں کاہے کا انتظار ہے مگر انہیں

102. So what do they wait except for the similar days of those who passed away before them. Please declare (beloved

marfat.com

Muhammad), "then wait, I am too with you, who wait".

103. Then We (Allah) shall save Our (Allah's) Rasools (Messengers) and the believers as it is incumbent on Our (Allah's) part to save the believers (Muslims).

SECTION 11

104. Please declare, "O mankind! if you are in any doubt regarding my religion, then I shall not worship any whom you worship except Allah. Yes I worship Allah Who will cause you to die, and I have been commanded to be (in the ranks) of the believers;

105. and you (Muhammad) keep your course straight for the religion leaving all others, and never be amongst the idolators.

106. And do not worship anyone besides Allah that which neither can profit you nor can harm you. But if you do so you will be among the cruels.

107. And if Allah afflicts you with any harm, there is none to remove it except He, and if He Desires good for you, then there is none to repel His Bounty. He causes it to reach whoso of his devotees He Wills. And He is the Forgiving, the Merciful.

108. Please declare, "O people, the truth has come to you from your Rubb (Sustainer) then whoso adopts straight path adopts for his own good, and whoso strays, strays against himself and I am not a custodian on you.

109. And you follow that which is revealed to you and have patience until Allah

لوگوں کے سے دنوں کا جو ان سے پہلے ہو گزرے، تم فرماؤ! تو انتظار کرو! میں بھی تمہارے ساتھ انتظار میں ہوں (102)

پھر ہم اپنے رسولوں اور ایمان والوں کو نجات دیں گے، بات یہی ہے کہ ہمارے ذمہ کرم پر حق ہے مسلمانوں کو نجات دینا (103)

تم فرماؤ! اے لوگو! اگر تم میرے دین کی طرف سے کسی شبہہ میں ہو، تو میں تو اسے نہ پوجوں گا جسے تم اللہ کے سوا پوجتے ہو، ہاں! اس اللہ کو پوجتا ہوں جو تمہاری جان نکالے گا، اور مجھے حکم ہے کہ ایمان والوں میں ہوں (104)

اور یہ کہ اپنا منہ دین کے لیے سیدھا رکھیں، سب سے الگ ہو کر، اور ہرگز شرک والوں میں نہ ہونا (105)

اور اللہ کے سوا اس کی بندگی نہ کر جو نہ تیرا بھلا کر سکے نہ برا، پھر اگر ایسا کرے تو اس وقت تو ظالموں سے ہو گا (106)

اور اگر تجھے اللہ کوئی تکلیف پہنچائے تو اس کا کوئی ٹالنے والا نہیں، اس کے سوا اور اگر تیرا بھلا چاہے، تو اس کے فضل کا رد کرنے والا کوئی نہیں، اسے پہنچاتا ہے اپنے بندوں میں جسے چاہے، اور وہی بخشنے والا مہربان ہے (107)

تم فرماؤ! اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے حق آیا تو جو راہ پر آیا، وہ اپنے بھلے کو راہ پر آیا، اور جو بہکا، وہ اپنے برے کو بہکا، اور کچھ میں کڑوڑا (ذمہ دار) نہیں (108)

اور اس پر چلو جو تم پر وحی ہوتی ہے اور صبر کرو، یہاں تک کہ اللہ حکم فرمائے، اور

marfat.com

gives judgement. And He is the best of Judges.

(109) وہ سب سے بہتر حکم فرمانے والا ہے

ع ١٠ الْحٰكِمِيْنَ ﴿١٠٩﴾

S. XI
SURA HUUD
(Revealed at Makkah)
(10 Sections, 123 Verses)

سُوْرَةُ هُوْدٍ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَثَلٰثٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّعَشْرُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ ہود مکی ہے (اس میں) ایک سو تئیس (123) آیتیں اور دس (10) رکوع (ہیں)

Allah's Name, Who is the most Affectionate, the most Merciful.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا

SECTION 1

1. ALF LAAAM RAA; (A.L.R.) (this is) a Book whose Verses are perfected with wisdom which have been explained from the Wise, the All-Aware;

الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ﴿١﴾

یہ ایک کتاب ہے جس کی آیتیں حکمت بھری ہیں' پھر تفصیل کی گئیں حکمت والے خبردار کی طرف سے (1)

2. that you will worship none except Allah. Surely, I am to you a warner from Him and a communicator of good news;

اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ اِنَّنِيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ ﴿٢﴾

کہ بندگی نہ کرو مگر اللہ کی' بیشک میں تمہارے لیے اس کی طرف سے ڈر اور خوشی سنانے والا ہوں (2)

3. and ask forgiveness of your Rubb (Sustainer) then turn by repentance to Him, He will give you handsome provisions till an appointed term, and He will give of His Bounty to every one possessing virtue. But if you turn away then I fear for you the punishment of a Great Day.

وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّيُؤْتِ كُلَّ ذِيْ فَضْلٍ فَضْلَهٗ ۭ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيْرٍ ﴿٣﴾

اور یہ کہ اپنے رب سے معافی مانگو' پھر اس کی طرف توبہ کرو' تمہیں بہت اچھا برتنا دے گا ایک ٹھہرائے وعدہ تک' اور ہر فضیلت والے کو اس کا فضل پہنچائے گا' اور اگر منہ پھیرو تو میں تم پر بڑے دن کے عذاب کا خوف کرتا ہوں (3)

4. To Allah you have to return and He is Powerful over every thing.

اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ ۚ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٤﴾

تمہیں اللہ ہی کی طرف پھرنا ہے اور وہ ہر شے پر قادر ہے (4)

5. Behold, they fold up their breasts that they hide something from Allah. Behold, when they cover their whole body with their garments, Allah knows what they conceal and what they reveal. Surely, He Knows all the thoughts which are in the hearts.

اَلَآ اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ۭ اَلَا حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ ۙ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۚ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿٥﴾

سنو! وہ اپنے سینے دوہرے کرتے ہیں کہ اللہ سے پردہ کریں' سنو! جس وقت وہ اپنے کپڑوں سے سارا بدن ڈھانپ لیتے ہیں' اس وقت بھی اللہ ان کا چھپا اور ظاہر سب کچھ جانتا ہے' بیشک وہ دلوں کی بات جاننے والا ہے (5)

PART - 12
S. XI
HUUD (Contd.)

6. And there is no creature in this earth, the

وَمَا مِنْ دَاۗبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا

اور زمین پر چلنے والا کوئی ایسا نہیں جس کا رزق اللہ کے ذمہ کرم پر نہ ہو اور جانتا

الجزء الثاني عشر ١٢

marfat.com

عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا كُلٌّ فِي كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝٦

ہے کہ کہاں ٹھہرے گا' اور کہاں سپرد ہو گا' سب کچھ ایک صاف بیان کرنے والی کتاب میں ہے (6)

provision of which is not bestowed by Allah, and He knows its abode and the place of return. Everything is recorded in a glorious Book.

وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۭ وَلَىِٕنْ قُلْتَ اِنَّكُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ مِنْۢ بَعْدِ الْمَوْتِ لَيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝٧

اور وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں بنایا' اور اس کا عرش پانی پر تھا کہ تمہیں آزمائے' تم میں کس کا کام اچھا ہے' اور اگر تم فرماؤ کہ بے شک تم مرنے کے بعد اٹھائے جاؤ گے' تو کافر ضرور کہیں گے' کہ یہ تو نہیں مگر کھلا جادو (7)

7. And it is He Who created the heavens and earth in six days (periods). And His is the power on the water, that he may try you to see, as to which one of you is better in deeds. And when you say that surely, you shall be raised after death, the disbelievers will surely declare "This is not but a clear magic."

وَلَىِٕنْ اَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِلٰٓى اُمَّةٍ مَّعْدُوْدَةٍ لَّيَقُوْلُنَّ مَا يَحْبِسُهٗ ۭ اَلَا يَوْمَ يَاْتِيْهِمْ لَيْسَ مَصْرُوْفًا عَنْهُمْ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝٨

اور اگر ہم ان سے عذاب کچھ گنتی کی مدت تک ہٹا دیں' تو ضرور کہیں گے کس چیز نے روکا ہے' سن لو' جس دن ان پر آئے گا ان سے پھیرا نہ جائے گا' اور انہیں گھیر لے گا' وہی عذاب جس کی ہنسی اڑاتے تھے (8)

8. And if We (Allah) defer from them the punishment till a reckoned term, they would certainly say, "what prevents it"? Behold, the day when it will come to them, it shall not be averted from them, and the same (punishment), which they used to mock at, shall encircle them.

SECTION 2

وَلَىِٕنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنٰهَا مِنْهُ اِنَّهٗ لَيَـُٔوْسٌ كَفُوْرٌ ۝٩

اور اگر ہم آدمی کو اپنی کسی رحمت کا مزہ دیں' پھر اسے اس سے چھین لیں' ضرور وہ بڑا ناامید ناشکرا ہے (9)

9. And if We (Allah) let someone taste Our (Allah's) Mercy and then withdraw it from him (her), surely that one becomes desperately ungrateful.

وَلَىِٕنْ اَذَقْنٰهُ نَعْمَآءَ بَعْدَ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّيْ ۭ اِنَّهٗ لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ ۝١٠

اور اگر ہم اسے نعمت کا مزہ دیں اس مصیبت کے بعد جو اسے پہنچی' تو ضرور کہے گا کہ برائیاں مجھ سے دور ہوئیں' بیشک وہ خوش ہونے والا بڑائی مارنے والا ہے (10)

10. And if We (Allah) bestow someone prosperity after some adversity, that affected him (her), then he (she) surely says, my sorrows have gone from me (for my own planning). Surely, he (she) is ungrateful, boastful;

اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝١١

مگر جنہوں نے صبر کیا اور اچھے کام کیے ان کے لیے بخشش اور بڑا ثواب ہے (11)

11. except those who remain patient and do good deeds; for them is forgiveness and a rich reward.

فَلَعَلَّكَ تَارِكٌۢ بَعْضَ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ

تو کیا جو وحی تمہاری طرف ہوتی ہے اس میں سے کچھ تم چھوڑ دو گے' اور اس پر

12. It may be that you leave a part of what is being revealed to you and straiten your heart therewith because

marfat.com

they say, "why not a treasure was sent down with it or an Angel came with him ? You are only a warner. And Allah is the Custodian of everything.

13. Do they say this, "he has himself forged it" the Holy Qur'aan? Please declare, "bring ten forged Chapters like it, and call all those whom you can, besides Allah, to do so, if you are truthful."

14. Then (O Muhammad) if they do not answer to you, then know that it has been revealed by Allah's Knowledge, and that there is none worth worship except Allah. Will you then become Muslims?

15. Whoso desires the life of this world and its enjoyments, We (Allah) shall give them full reward in it and they will not be reduced anything therefrom.

16. These are the ones for whom there is nothing in the hereafter except the fire. And whatever they used to do there, is destined to fail and all their deeds will be in vain.

17. Is such one like that who is on a clear proof from his (her) Rubb (Sustainer) and there comes a witness from Allah heralded by Book of Moosaa (Moses), a guide and mercy ? They believe in it; but whichever group disbelieved it, the fire is their appointed place. Please behold! you should not be in any doubt about it. Surely it is the truth from your Rubb (Sustainer) but most people do not believe.

18. And who is more cruel than the one who forges a

وَضَآئِقٌۢ بِهٖ صَدْرُكَ اَنْ يَّقُوْلُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ جَآءَ مَعَهٗ مَلَكٌ ؕ اِنَّمَآ اَنْتَ نَذِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ؕ ﴿۱۲﴾

دل تنگ ہو گے' اس بنا پر کہ وہ کہتے ہیں ان کے ساتھ کوئی خزانہ کیوں نہ اترا' یا ان کے ساتھ کوئی فرشتہ آتا' تم تو ڈر سنانے والے ہو' اور اللہ ہر چیز پر محافظ ہے (12)

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ وَّادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۳﴾

کیا یہ کہتے ہیں کہ انہوں نے اسے جی سے بنا لیا' تم فرماؤ! کہ تم ایسی بنائی ہوئی دس سورتیں لے آؤ! اور اللہ کے سوا جو مل سکیں سب کو بلا لو! اگر تم سچے ہو (13)

فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾

تو اے مسلمانو! اگر وہ تمہاری اس بات کا جواب نہ دے سکیں' تو سمجھ لو کہ وہ اللہ کے علم ہی سے اترا ہے' اور یہ کہ اس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں' تو کیا اب تم مانو گے (14)

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ ﴿۱۵﴾

جو دنیا کی زندگی اور اس کی آرائش چاہتا ہو' ہم اس میں ان کا پورا پھل دے دیں گے' اور اس میں کمی نہ دیں گے (15)

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ۖ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾

یہ ہیں وہ جن کے لیے آخرت میں کچھ نہیں مگر آگ اور اکارت (ضائع) گیا جو کچھ وہاں کرتے تھے' اور نابود ہوئے (فنا) جو ان کے عمل تھے (16)

اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ؕ اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ مِنَ الْاَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ ۚ فَلَا تَكُ فِىْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ ۚ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۷﴾

تو کیا وہ جو اپنے رب کی طرف سے روشن دلیل پر ہو' اور اس پر اللہ کی طرف سے گواہ آئے' اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب پیشوا اور رحمت' وہ اس پر ایمان لاتے ہیں' اور جو اس کا منکر ہو سارے گروہوں میں' تو آگ اس کا وعدہ ہے' تو اے سننے! والے تجھے کچھ اس میں شک نہ ہو' بیشک وہ حق ہے تیرے رب کی طرف سے' لیکن بہت آدمی ایمان نہیں رکھتے (17)

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا

اور اس سے بڑھ کر ظالم کون جو اللہ پر

marfat.com

falsehood against Allah. They shall be presented before their Rubb (Sustainer) and the witnesses will say, "these are they who forged falsehood against their Rubb (Sustainer). Behold, Allah's curse is cretainly on the cruels.

19. Those who prohibit from the path of Allah and want crookedness in it, they are the one who disbelieve the hereafter.

20. They neither can escape in the earth, nor they have any protector besides Allah. They will face double punishment. They could neither hear nor see.

21. They are the ones who put their own selves in loss, and what they forged has left them in misguidance.

22. Surely it is they who are the greatest losers in the hereafter.

23. Surely those who believe and do virtuous deeds and turn humbly towards their Rubb (Sustainer) they are the inhabitants of the Paradise to dwell there for ever.

24. The condition of two groups is like the blind and the deaf and the seeing and the hearing. Are both of them alike? Do you then not mind this (difference).

SECTION 3

25. And surely, We (Allah) sent Nuuh (Noah) to his people saying that I am for you a clear warner;

26. that you should worship none except Allah. Surely, I fear for you the punishment of a painful day.

27. The chiefs of those who disbelieved said, "we see you

أُولَٰئِكَ يُعْرَضُونَ عَلَىٰ رَبِّهِمْ وَيَقُولُ الْأَشْهَادُ هَٰؤُلَاءِ الَّذِينَ كَذَبُوا عَلَىٰ رَبِّهِمْ ۚ أَلَا لَعْنَةُ اللَّهِ عَلَى الظَّالِمِينَ ﴿١٨﴾

جھوٹ باندھے؟ وہ اپنے رب کے حضور پیش کیے جائیں گے اور گواہ کہیں گے یہ ہیں جنھوں نے اپنے رب پر جھوٹ بولا تھا' ارے ظالموں پر خدا کی لعنت (18)

الَّذِينَ يَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ وَيَبْغُونَهَا عِوَجًا وَهُم بِالْآخِرَةِ هُمْ كَافِرُونَ ﴿١٩﴾

جو اللہ کی راہ سے روکتے ہیں اور اس میں کجی چاہتے ہیں اور وہی آخرت کے منکر ہیں (19)

أُولَٰئِكَ لَمْ يَكُونُوا مُعْجِزِينَ فِي الْأَرْضِ وَمَا كَانَ لَهُم مِّن دُونِ اللَّهِ مِنْ أَوْلِيَاءَ ۘ يُضَاعَفُ لَهُمُ الْعَذَابُ ۚ مَا كَانُوا يَسْتَطِيعُونَ السَّمْعَ وَمَا كَانُوا يُبْصِرُونَ ﴿٢٠﴾

وہ تھکانے والے نہیں زمین میں' اور نہ اللہ سے جدا ان کے کوئی حمایتی' انہیں عذاب پر عذاب ہو گا' وہ نہ سن سکتے تھے اور نہ دیکھتے (20)

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُم مَّا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿٢١﴾

وہی ہیں جنھوں نے اپنی جانیں گھاٹے میں ڈالیں' اور ان سے کھوئی گئیں جو باتیں جوڑتے تھے (21)

لَا جَرَمَ أَنَّهُمْ فِي الْآخِرَةِ هُمُ الْأَخْسَرُونَ ﴿٢٢﴾

خوانخواہ وہی آخرت میں سب سے زیادہ نقصان میں ہیں (22)

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَأَخْبَتُوا إِلَىٰ رَبِّهِمْ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٢٣﴾

بے شک جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے' اور اپنے رب کی طرف رجوع لائے وہ جنت والے ہیں' وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے (23)

مَثَلُ الْفَرِيقَيْنِ كَالْأَعْمَىٰ وَالْأَصَمِّ وَالْبَصِيرِ وَالسَّمِيعِ ۚ هَلْ يَسْتَوِيَانِ مَثَلًا ۚ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ﴿٢٤﴾

دونوں فریق کا حال ایسا ہے جیسے ایک اندھا اور بہرا' اور دوسرا دیکھتا اور سنتا' کیا ان دونوں کا حال ایک سا ہے؟ تو کیا تم دھیان نہیں کرتے (24)

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ إِنِّي لَكُمْ نَذِيرٌ مُّبِينٌ ﴿٢٥﴾

اور بیشک ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا کہ میں تمہارے لیے صریح ڈرسنانے والا ہوں (25)

أَن لَّا تَعْبُدُوا إِلَّا اللَّهَ ۖ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ أَلِيمٍ ﴿٢٦﴾

کہ اللہ کے سوا کسی کو نہ پوجو! بیشک میں تم پر ایک مصیبت والے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں (26)

فَقَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِن قَوْمِهِ

تو اس کی قوم کے سردار جو کہ کافر ہوئے

marfat.com

مَا نَرٰىكَ اِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا وَمَا نَرٰىكَ اتَّبَعَكَ اِلَّا الَّذِيْنَ هُمْ اَرَاذِلُنَا بَادِيَ الرَّاْيِ ۚ وَمَا نَرٰى لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ بَلْ نَظُنُّكُمْ كٰذِبِيْنَ ﴿۲۷﴾

n mortal like us, and we do not see that any one follows you except the meanest of us just at first thought. And we do not find in you any superiority over us; but rather we think you a liar.

تھے' بولے! ہم تو تمہیں اپنے ہی جیسا آدمی دیکھتے ہیں' اور ہم نہیں دیکھتے کہ تمہاری پیروی کسی نے کی ہو' مگر ہمارے کمینوں نے سرسری نظر سے' اور ہم تم میں اپنے اوپر کوئی بڑائی نہیں پاتے' بلکہ ہم تمہیں جھوٹا خیال کرتے ہیں (27)

قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰىنِيْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِهٖ فَعُمِّيَتْ عَلَيْكُمْ ۗ اَنُلْزِمُكُمُوْهَا وَاَنْتُمْ لَهَا كٰرِهُوْنَ ﴿۲۸﴾

28. He said, "O my nation tell me if I am on the right path of my Rubb (Sustainer) Who has bestowed upon me from Himself a great Mercy, but you remained blind from it. Shall we forcefully tie it to your neck (compell you) while you are averse to it."

بولا: اے میری قوم! بھلا بتاؤ تو' اگر میں اپنے رب کی طرف سے دلیل پر ہوں اور اس نے مجھے اپنے پاس سے رحمت بخشی تو تم اس سے اندھے رہے' کیا ہم اسے تمہارے گلے چپٹ دیں؟ اور تم بیزار ہو (28)

وَيٰقَوْمِ لَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا ۗ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ وَمَاۤ اَنَا بِطَارِدِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۗ اِنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَلٰكِنِّيْۤ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿۲۹﴾

29. And O my nation, I ask no wealth for it from you. My reward is only with Allah and I am not to drive away those who believe. Surely they are to meet their Rubb (Sustainer) but I find you wholly ignorant people.

اور اے قوم! میں تم سے کچھ اس پر مال نہیں مانگتا' میرا اجر تو اللہ ہی پر ہے' اور میں مسلمانوں کو دور کرنے والا نہیں' بیشک وہ اپنے رب سے ملنے والے ہیں' لیکن میں تم کو نرے جاہل لوگ پاتا ہوں (29)

وَيٰقَوْمِ مَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ طَرَدْتُّهُمْ ۗ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۳۰﴾

30. And O my nation who will save me from Allah, if I drive them away. Will you not mind ?

اور اے قوم! مجھے اللہ سے کون بچالے گا؟ اگر میں انہیں دور کروں گا' تو کیا تمہیں دھیان نہیں (30)

وَلَاۤ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَاۤ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَاۤ اَقُوْلُ اِنِّيْ مَلَكٌ وَّلَاۤ اَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ تَزْدَرِيْۤ اَعْيُنُكُمْ لَنْ يُّؤْتِيَهُمُ اللّٰهُ خَيْرًا ۗ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا فِيْۤ اَنْفُسِهِمْ ۚ اِنِّيْۤ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۳۱﴾

31. And I do not say to you, "I possess the treasures of Allah with me, and neither I know the unseen, nor I say, that I am an Angel, nor I look down upon those whom your eyes hold mean that Allah will not bestow any good to them. Allah knows well what is in their hearts. If I do so then surely I shall be among the cruels.

اور میں تم سے نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں' اور نہ یہ کہ میں غیب جان لیتا ہوں' اور نہ یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں' اور میں انہیں نہیں کہتا جن کو تمہاری نگاہیں حقیر سمجھتی ہیں' کہ ہرگز انہیں اللہ کوئی بھلائی نہ دے گا' اللہ خوب جانتا ہے جو ان کے دلوں میں ہے' ایسا کروں تو ضرور میں ظالموں میں سے ہوں (31)

قَالُوْا يٰنُوْحُ قَدْ جٰدَلْتَنَا فَاَكْثَرْتَ جِدَالَنَا فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَاۤ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۳۲﴾

32. They said, "O Nuuh (Noah), you have disputed with us, and disputed much, then bring that (penalty) which you threaten us, if you are truthful.

بولے! اے نوح! تم ہم سے جھگڑے' اور بہت ہی جھگڑے تو لے آؤ! جس کا ہمیں وعدہ دے رہے ہو' اگر تم سچے ہو (32)

marfat.com

33. He said, "Allah will bring it to you if He pleases, and you cannot escape.

34. And my advice will not profit you, if I desire to advise you sincerely but Allah leaves you to go astray. He is your Rubb (Sustainer) and to Him you shall return.

35. Or do they say, "He has invented it? Please declare, "if I have invented it, then I shall face my crime but I am quite away from your crime."

قَالَ اِنَّمَا يَاْتِيْكُمْ بِهِ اللّٰهُ اِنْ شَآءَ وَ مَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۳۳﴾

بولا! وہ تو اللہ تم پر لائے گا اگر چاہے اور تم تھکا نہ سکو گے (33)

وَلَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْٓ اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ ؕ هُوَ رَبُّكُمْ ۫ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۳۴﴾

اور تمہیں میری نصیحت نفع نہ دے گی اگر میں تمہارا بھلا چاہوں' جب کہ اللہ تمہاری گمراہی چاہے' وہ تمہارا رب ہے اور اسی کی طرف پھرو گے (34)

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَعَلَيَّ اِجْرَامِيْ وَاَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُجْرِمُوْنَ ﴿۳۵﴾

کیا یہ کہتے ہیں کہ انہوں نے اسے اپنے جی سے بنا لیا' تم فرماؤ! اگر میں نے بنا لیا ہو گا' تو میرا گناہ مجھ پر ہے' اور میں تمہارے گناہ سے الگ ہوں (35)

SECTION 4

36. And Nuuh (Noah) was revealed that from amongst your people none will believe (become Muslim) except those who have already believed, so you should not be distressed at what they do.

37. And make the ark under Our (Allah's) Sight with Our (Allah's) Command, and do not appeal Me concerning the cruels. They shall surely be drowned.

38. And Nuuh (Noah) was making the ark, and whenever the chiefs of his people passed by him, they laughed at him. He said, "if you laugh at us, then we shall laugh at you (one time), as you laugh (now).

39. You shall soon know to whom the punishment is awarded that will disgrace him. And on whom falls the everlasting punishment?

40. And soon Our (Allah's) Command came, and the water came forth the valley. We (Allah) said, "load in it (ark) every kind of a pair, male and female, and the members of your family who believe, except those against whom the word has already

وَاُوْحِيَ اِلٰى نُوْحٍ اَنَّهٗ لَنْ يُّؤْمِنَ مِنْ قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ قَدْ اٰمَنَ فَلَا تَبْتَىِٕسْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ۚ ﴿۳۶﴾

اور نوح کو وحی ہوئی کہ تمہاری قوم سے مسلمان نہ ہوں گے مگر جتنے ایمان لا چکے تو غم نہ کھا اس پر جو وہ کرتے ہیں (36)

وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۳۷﴾

اور کشتی بناؤ ہمارے سامنے اور ہمارے حکم سے' ظالموں کے بارے میں مجھ سے بات نہ کرنا' وہ ضرور ڈبوئے جائیں گے (37)

وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ ۖ وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَاٌ مِّنْ قَوْمِهٖ سَخِرُوْا مِنْهُ ؕ قَالَ اِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا فَاِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ كَمَا تَسْخَرُوْنَ ﴿۳۸﴾

اور نوح کشتی بناتا ہے اور جب اس کی قوم کے سردار اس پر گزرتے' اس پر ہنستے' بولا: اگر تم ہم پر ہنستے ہو' تو ایک وقت ہم تم پر ہنسیں گے جیسا تم ہنستے ہو (38)

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۳۹﴾

تو اب جان جاؤ گے کس پر آتا ہے وہ عذاب کہ اسے رسوا کر دے' اور اترتا ہے وہ عذاب جو ہمیشہ رہے (39)

حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ قُلْنَا احْمِلْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَ

یہاں تک کہ جب ہمارا حکم آیا اور تنور ابلا' ہم نے فرمایا: کشتی میں سوار کر لے ہر جنس میں سے ایک جوڑا نر و ماده' اور جن پر بات پڑ چکی ہے ان کے سوا اپنے گھر والوں اور باقی مسلمانوں کو' اور اس کے

marfat.com

been issued (to be left)". But there were only a few believers with him.

41. And he said, "get into it in the Name of Allah for whom is its moving and its stoppage. Surely, my Rubb (Sustainer) is Forgiving, Merciful.

42. And it was running amid the waves like a mountain. And Nuuh (Noah) called his son, who was standing apart, "embark with us and do not side with the disbelievers, O my son."

43. He said, "I shall take refuge of some mountain, which will save me from the water. Nuuh (Noah) said, "today there is no defender from the punishment of Allah, but it is He Who has mercy. And the waves came in between the two, so he was among the drowned.

44. And it was commanded, "O earth swallow down your water and O clouds, clear away. And the water subsided and the purpose was accomplished, and the ark settled on mountain Judi, and it was said, away be the cruel people."

[ONE FOURTH OF PART 12 ENDS]

45. And Nuuh (Noah) called out to his Rubb (Sustainer) and said, "my Rubb (Sustainer) my son too is of my family and surely Your Promise is true, and You are the most Just of the judges.

46. He said, "O Nuuh; (Naoh) "surely he is not amongst your family. Surely his work is not straightforward. Do not

مَنْ اٰمَنَ ۭ وَمَآ اٰمَنَ مَعَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلٌ ۝٤٠

ساتھ مسلمان نہ تھے مگر تھوڑے (40)

وَقَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ۭ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝٤١

اور بولا: اس میں سوار ہو' اللہ کے نام پر اس کا چلنا اور اس کا ٹھہرنا' بیشک میرا رب ضرور بخشنے والا مہربان ہے (41)

وَهِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ ۡ وَنَادٰى نُوْحُ ۨ ابْنَهٗ وَكَانَ فِيْ مَعْزِلٍ يّٰبُنَيَّ ارْكَبْ مَّعَنَا وَلَا تَكُنْ مَّعَ الْكٰفِرِيْنَ ۝٤٢

اور وہ انہیں لیے جارہی ہے ایسی موجوں میں جیسے پہاڑ' اور نوح نے اپنے بیٹے کو پکارا' اور وہ اس سے کنارے تھا' اے میرے بچے! ہمارے ساتھ سوار ہو جا' اور کافروں کے ساتھ نہ ہو (42)

قَالَ سَاٰوِيْٓ اِلٰى جَبَلٍ يَّعْصِمُنِيْ مِنَ الْمَاۗءِ ۭ قَالَ لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ ۚ وَحَالَ بَيْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِيْنَ ۝٤٣

بولا: اب میں کسی پہاڑ کی پناہ لیتا ہوں وہ مجھے پانی سے بچا لے گا' کہا' آج اللہ کے عذاب سے کوئی بچانے والا نہیں' مگر جس پر وہ رحم کرے' اور ان کے بیچ میں موج آڑے آئی' تو وہ ڈوبتوں میں رہ گیا (43)

وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَاۗءَكِ وَيٰسَمَاۗءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَاۗءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَي الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝٤٤

اور حکم فرمایا گیا کہ اے زمین! اپنا پانی نگل لے' اور اے آسمان تھم جا' اور پانی خشک کر دیا گیا' اور کام تمام ہوا' اور کشتی کوہ جودی پر ٹھہری' اور فرمایا گیا: کہ دور ہوں بے انصاف لوگ (44)

وَنَادٰى نُوْحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ اِنَّ ابْنِيْ مِنْ اَهْلِيْ وَاِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَاَنْتَ اَحْكَمُ الْحٰكِمِيْنَ ۝٤٥

اور نوح نے اپنے رب کو پکارا' عرض کی اے میرے رب! میرا بیٹا بھی تو میرا گھر والا ہے' اور بیشک تیرا وعدہ سچا ہے اور تو سب سے بڑھ کر حکم والا (45)

قَالَ يٰنُوْحُ اِنَّهٗ لَيْسَ مِنْ اَهْلِكَ ۚ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ ۡ فَلَا تَسْـَٔلْنِ مَا لَيْسَ

فرمایا: اے نوح! وہ تیرے گھر والوں میں نہیں' بیشک اس کے کام بڑے نالائق ہیں' تو مجھ سے وہ بات نہ مانگ جس کا تجھے علم

marfat.com

request Me that about which you have no knowledge. Surely I admonish you not to become ignorant".

47. He submitted, "O my Rubb (Sustainer) I beg your refuge from asking you that of which I have no knowledge. And if You do not forgive and do not have mercy on me, I shall be amongst the losers.

48. It was said, "O Nuuh (Noah); get down from the ark with peace and blessings from Us (Allah) you and some of the people who are with you. And there shall be nations whom We (Allah) shall allow to enjoy in the worldly things. Then a painful punishment from Us (Allah) will afflict them.

49. These are the news of the unseen, We (Allah) reveal to you. Neither you did know it before, nor your people. Have patience. Surely, there is good end for the pious.

SECTION 5

50. And towards Aaad came Huud, their own brother. He said, "O my people, worship Allah. You have none worth worship except Him. You are but forgers (of lies).

51. "O my people, I do not ask any remuneration for this. My remuneration is only on Him Who created me. Have you then no wisdom?

52. And O my people beg forgiveness from your Rubb (Sustainer) then turn to Him. He will send over you heavy rain and will add strength to your existing strength. But do not turn away as criminals.

53. They said, O Huud you have not brought to us any

نہیں' میں تجھے نصیحت فرماتا ہوں کہ نادان نہ بن (46)

عرض کی! اے رب میرے! میں تیری پناہ چاہتا ہوں کہ تجھ سے وہ چیز مانگوں جس کا مجھے علم نہیں' اور اگر تو مجھے نہ بخشے اور رحم نہ کرے تو میں زیاں کار ہو جاؤں (47)

فرمایا گیا: اے نوح! کشتی سے اتر ہماری طرف سے سلام اور برکتوں کے ساتھ جو تجھ پر ہیں' اور تیرے ساتھ کے کچھ گروہوں پر' اور کچھ گروہ وہ ہیں جنہیں ہم دنیا برتنے دیں گے' پھر انہیں ہماری طرف سے دردناک عذاب پہنچے گا (48)

یہ غیب کی خبریں ہیں' ہم تمہاری طرف وحی کرتے ہیں' انہیں نہ تم جانتے تھے نہ تمہاری قوم اس سے پہلے' تو صبر کرو! بیشک بھلا انجام پرہیز گاروں کا (49)

اور عاد کی طرف ان کے ہم قوم ہود کو کہا' اے میری قوم! اللہ کو پوجو! اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں' تم تو نرے مفتری ہو (50)

اے قوم! میں اس پر تم سے کچھ اجرت نہیں مانگتا' میری مزدوری تو اسی کے ذمہ ہے جس نے مجھے پیدا کیا' تو کیا تمہیں عقل نہیں (51)

اور اے میری قوم! اپنے رب سے معافی چاہو' پھر اس کی طرف رجوع لاؤ' تم پر زور کا پانی بھیجے گا اور تم میں جتنی قوت ہے اس سے اور زیادہ دے گا' اور جرم کرتے ہوئے روگردانی نہ کرو (52)

بولے' اے ہود! تم کوئی دلیل لے کر

marfat.com

proof, and we neither are to leave our gods, just as you say, nor are we going to believe you.

54. We say only that some of our gods have hit you hard with evil. He said, "I call Allah to witness and you all bear witness that I have no concern with those you equate any as associate with Him."

55. "Apart from Him all of you plan any thing against me, all together, without any relief to me".

56. "I put my trust in Allah, my Rubb (Sustainer) and your Rubb (Sustainer). There is no moving creature whose forelock is not under His control. Surely, my Rubb's (Sustainer) is on straight path.

57. But if you turn away your faces then I have already delivered to you that with which I was sent to you. And my Rubb (Sustainer) will bring some others instead of you but you cannot harm Him at all. Surely my Rubb (Sustainer) has full watch over everything.

58. And when Our (Allah's) Command came, We (Allah) saved Huud and those who believed with him, by Our (Allah's) Mercy, and saved them from severe punishment.

59. And such were the Aad (people) who denied the Verses of their Rubb (Sustainer) and disobeyed His Rasools (Messengers) and followed the words of every worst rebellious enemy (of truth).

60. And they were overtaken by curse in this

ہمارے پاس نہ آئے' اور ہم خالی تمہارے کہنے سے اپنے خداؤں کو چھوڑنے کے نہیں' نہ تمہاری بات پر یقین لائیں (53)

ہم تو یہی کہتے ہیں کہ ہمارے کسی خدا کی تمہیں بری جھپٹ (پکڑ) پہنچی' کہا' میں اللہ کو گواہ کرتا ہوں اور تم سب گواہ ہو جاؤ' کہ میں بیزار ہوں ان سب سے جنہیں تم اللہ کے سوا اس کا شریک ٹھہراتے ہو (54)

تم سب مل کر میرا بُرا چاہو' پھر مجھے مہلت نہ دو (55)

میں نے اللہ پر بھروسا کیا جو میرا رب ہے اور تمہارا رب' کوئی چلنے والا نہیں جس کی چوٹی اس کے قبضۂ قدرت میں نہ ہو' بیشک میرا رب سیدھے راستہ پر ملتا ہے (56)

پھر اگر تم منہ پھیرو تو میں تمہیں پہنچا چکا جو تمہاری طرف لے کر بھیجا گیا' اور میرا رب تمہاری جگہ اوروں کو لے آئے گا اور تم اس کا کچھ نہ بگاڑ سکو گے' بیشک میرا رب ہر شے پر نگہبان ہے (57)

اور جب ہمارا حکم آیا' ہم نے ہود اور اس کے ساتھ کے مسلمانوں کو اپنی رحمت فرما کر بچا لیا' اور انہیں سخت عذاب سے نجات دی (58)

اور یہ عاد ہیں کہ اپنے رب کی آیتوں سے منکر ہوئے' اور اس کے رسولوں کی نافرمانی کی' اور ہر بڑے سرکش ہٹ دھرم کے کہنے پر چلے (59)

اور ان کے پیچھے لگی اس دنیا میں لعنت

marfat.com

world and on the Day of Resurrection (will meet the same). Behold surely Aad disbelieved their Rubb (Sustainer). Behold away remained Aad from the people of Huud.

الْقِيٰمَةِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ عَادًا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ؕ اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ ﴿۶۰﴾

اور قیامت کے دن' سن لو! بیشک عاد اپنے رب سے منکر ہوئے' ارے دور ہوں عاد ہود کی قوم (60)

SECTION 6

61. And towards Samuud (Thamuud) Saleh, their own brother was sent. He said, "O my people, worship Allah, you have none worth worship except Him. He brought you into being from the earth and inhabited you in it. So beg His forgiveness, then turn to Him. Surely my Rubb (Sustainer) is Nearer and Responsive."

وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ هُوَ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْۤا اِلَيْهِ ؕ اِنَّ رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ﴿۶۱﴾

اور ثمود کی طرف ان کے ہم قوم صالح کو کہا' اے میری قوم! اللہ کو پوجو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں' اس نے تمہیں زمین سے پیدا کیا اور اس میں تمہیں بسایا' تو اس سے معافی چاہو' پھر اس کی طرف رجوع لاؤ' بیشک میرا رب قریب ہے دعا سننے والا (61)

62. They said, "O Saleh, surely you were a source of hope to us before". "Do you forbid us to worship what our forefathers worshipped." And surely to what you advise us (the faith) surely we are in a greater doubt about that.

قَالُوْا يٰصٰلِحُ قَدْ كُنْتَ فِيْنَا مَرْجُوًّا قَبْلَ هٰذَاۤ ؕ اَتَنْهٰىنَاۤ اَنْ نَّعْبُدَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا ؕ وَاِنَّنَا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَاۤ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ﴿۶۲﴾

بولے' اے صالح! اس سے پہلے تو تم ہم میں ہونہار معلوم ہوتے تھے' کیا تم ہمیں اس سے منع کرتے ہو کہ اپنے باپ دادا کے معبودوں کو پوجیں؟ اور بیشک جس بات کی طرف ہمیں بلاتے ہو ہم اس سے ایک بڑے دھوکا ڈالنے والے شک میں ہیں (62)

63. He said, O my nation tell me if I am on correct justification from my Rubb (Sustainer) and He has bestowed me Mercy from Himself, then who will save me against Him. If I disobey him then you will increase me nothing but in loss.

قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰىنِيْ مِنْهُ رَحْمَةً فَمَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ عَصَيْتُهٗ ۫ فَمَا تَزِيْدُوْنَنِيْ غَيْرَ تَخْسِيْرٍ ﴿۶۳﴾

بولا! اے میری قوم! بھلا بتاؤ تو! اگر میں اپنے رب کی طرف سے روشن دلیل پر ہوں اور اس نے مجھے اپنے پاس سے رحمت بخشی تو مجھے اس سے کون بچائے گا اگر میں اس کی نافرمانی کروں' تو تم مجھے سوا نقصان کے کچھ نہ بڑھاؤ گے (63)

64. And O my people ! this is the she camel of Allah which is a sign for you. Leave her, that she may eat in Allah's earth, and do not touch her with evil lest a punishment reaches you soon.

وَيٰقَوْمِ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْۤ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ قَرِيْبٌ ﴿۶۴﴾

اور اے میری قوم! یہ اللہ کا ناقہ (اونٹنی) ہے تمہارے لیے نشانی' تو اسے چھوڑ دو کہ اللہ کی زمین میں کھائے اور اسے بری طرح ہاتھ نہ لگانا' کہ تم کو نزدیک عذاب پہنچے گا (64)

65. Then they slew her. Then he (Saleh) said, "enjoy

فَعَقَرُوْهَا فَقَالَ تَمَتَّعُوْا فِيْ دَارِكُمْ ثَلٰثَةَ

تو انہوں نے اس کی کوچیں کاٹیں تو صالح

marfat.com

in your houses three days more. This is a penalty, that will not go falsified."

66. Then when Our (Allah's) Command came, We (Allah) saved Saleh and the believers with him showing Our (Allah's) Mercy and from the humiliation of that day; Surely your Rubb (Sustainer) is Mighty, Honorable.

67. And a thunderous noise overtook the cruels. Then till the morning they remained lying motionless bodies in their homes;

68. as if they were never there. Behold surely Shamuud denied their Rubb (Sustainer). Cursed be on Shamuud.

SECTION 7

69. And surely, Our (Allah's) Angels came to Ibraaheem (Abraham) with delightful news. They said, "Peace"! He also said, "Peace"! And he made no delay in bringing for them a roasted calf.

70. But when he saw that their hands did not extend to the food, he became suspicious of them and felt a fear from them in his heart. They said, "fear not, we have been sent towards the people of Luut.

71. And his wife was standingby, who began to laugh. Then We (Allah) gave her the rejoiceful news of Ishaq (Isac) and after Ishaq (Isac) that of Yaqoob (Jacob).

72. She said, "Oh; Wonder!, shall I bear a child when I am so old woman and this is my husband, an extremely old man? Surely this is wonderful thing.

نے کہا' اپنے گھروں میں تین دن اور برت لو' یہ وعدہ ہے کہ جھوٹا نہ ہو گا (65)

أَيَّامٍ ذَٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوبٍ ﴿٦٥﴾

پھر جب ہمارا حکم آیا ہم نے صالح اور اس کے ساتھ کے مسلمانوں کو اپنی رحمت فرما کر بچا لیا' اور اس دن کی رسوائی سے' بیشک تمہارا رب قوی عزت والا ہے (66)

فَلَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا نَجَّيْنَا صَالِحًا وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ بِرَحْمَةٍ مِنَّا وَمِنْ خِزْيِ يَوْمِئِذٍ ۗ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيزُ ﴿٦٦﴾

اور ظالموں کو چنگھاڑنے آ لیا' تو صبح اپنے گھروں میں گھٹنوں کے بل پڑے رہ گئے (67)

وَأَخَذَ الَّذِينَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَأَصْبَحُوا فِي دِيَارِهِمْ جَاثِمِينَ ﴿٦٧﴾

گویا کبھی یہاں بسے ہی نہ تھے' سن لو! بیشک ثمود اپنے رب سے منکر ہوئے ارے لعنت ہو ثمود پر (68)

كَأَنْ لَمْ يَغْنَوْا فِيهَا ۗ أَلَا إِنَّ ثَمُودَ كَفَرُوا رَبَّهُمْ ۗ أَلَا بُعْدًا لِّثَمُودَ ﴿٦٨﴾

اور بیشک ہمارے فرشتے ابراہیم کے پاس مژدہ لے کر آئے' بولے سلام! کہا' سلام' پھر کچھ دیر نہ کی کہ ایک بچھڑا بھنا لے آئے (69)

وَلَقَدْ جَاءَتْ رُسُلُنَا إِبْرَاهِيمَ بِالْبُشْرَىٰ قَالُوا سَلَامًا ۖ قَالَ سَلَامٌ فَمَا لَبِثَ أَن جَاءَ بِعِجْلٍ حَنِيذٍ ﴿٦٩﴾

پھر جب دیکھا کہ ان کے ہاتھ کھانے کی طرف نہیں پہنچتے ان کو اوپری سمجھا' اور جی ہی جی میں ان سے ڈرنے لگا' بولے! ڈریے نہیں' ہم قوم لوط کی طرف بھیجے گئے ہیں (70)

فَلَمَّا رَأَىٰ أَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ إِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَأَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيفَةً ۚ قَالُوا لَا تَخَفْ إِنَّا أُرْسِلْنَا إِلَىٰ قَوْمِ لُوطٍ ﴿٧٠﴾

اور اس کی بی بی کھڑی تھی وہ ہنسنے لگی' تو ہم نے اسحاق کی خوشخبری دی اور اسحاق کے پیچھے یعقوب کی (71)

وَامْرَأَتُهُ قَائِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنَاهَا بِإِسْحَاقَ وَمِن وَرَاءِ إِسْحَاقَ يَعْقُوبَ ﴿٧١﴾

بولی! ہائے خرابی! کیا میرے بچہ ہو گا اور میں بوڑھی ہوں؟ اور یہ ہیں میرے شوہر بوڑھے' بیشک یہ تو اچنبے کی بات ہے (72)

قَالَتْ يَا وَيْلَتَىٰ أَأَلِدُ وَأَنَا عَجُوزٌ وَهَٰذَا بَعْلِي شَيْخًا ۖ إِنَّ هَٰذَا لَشَيْءٌ عَجِيبٌ ﴿٧٢﴾

marfat.com

73. They (Angels) said, "do you wonder at the Bestowment of Allah being blessing upon you. O people of this house, surely, it is He Who is All Praiseworthy, Glorious.

فرشتے بولے: کیا اللہ کے کام کا اچنبا کرتی ہو؟ اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں تم پر اس گھر والو! بیشک وہی ہے سب خوبیوں والا عزت والا (73)

قَالُوْٓا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ ۭ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝۷۳

74. Then when the fear of Ibraaheem (Abraham) disappeared, and he got rojoiceful news, he began to plead with Us (Allah) for the people of Luut.

پھر جب ابراہیم کا خوف زائل ہوا اور اسے خوشخبری ملی' ہم سے قوم لوط کے بارے میں جھگڑنے لگا (74)

فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ وَجَاۗءَتْهُ الْبُشْرٰى يُجَادِلُنَا فِيْ قَوْمِ لُوْطٍ ۝۷۴

75. Surely, Ibraaheem (Abraham) is forbearing, most passionate and penitent.

بیشک ابراہیم تحمل والا بہت آہیں کرنے والا' رجوع لانے والا ہے (75)

اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ اَوَّاهٌ مُّنِيْبٌ ۝۷۵

76. O Ibraaheem (Abraham)! you leave off this. Surely, the Command of your Rubb (Sustainer) has come, and surely, the punishment is to approach them, that cannot be averted.

اے ابراہیم اس خیال میں نہ پڑ' بیشک تیرے رب کا حکم آ چکا' اور بیشک ان پر عذاب آنے والا ہے' کہ پھیرا نہ جائے گا (76)

